تعارف و تبصرہ

معالم العرفان فی دروس القرآن

(سورۃ الانفال و سورۃ التوبۃ)

حضرت مولانا صوفی عبد الحمید سواتی مدظلہ العالی کے دروس قرآن مرتب اور شائع ہو کر علماء اور جدید تعلیم یافتہ طبقہ کے لیے استفادہ کا ذریعہ بن رہے ہیں۔ قرآنی علوم و معارف اور احکام و مسائل کو بیان کرنے میں حضرت صوفی صاحب کا انداز انتہائی سہل ہے اور امام ولی اللہ دہلویؒ کے علوم و فلسفہ کی روشنی میں جدید پیش آمدہ مسائل کا حل بھی پیش کرتے ہیں۔ اب تک بحمد اللہ تعالیٰ آخری دو پاروں کے مکمل دروس کے علاوہ شروع سے سورۃ الاعراف تک دروس چھپ چکے ہیں اور زیر نظر مجموعہ میں سورۃ الانفال اور سورۃ التوبۃ کے مکمل دروس کو یکجا کر دیا گیا ہے جو معالم العرفان کی آٹھویں جلد کے عنوان سے شائع کیا گیا ہے۔ قرآنی معارف و مسائل کے اس مفید تر ذخیرہ کو مرتب کرنے پر الحاج لعل دین ایم۔ اے ہم سب کے شکریہ کے مستحق ہیں۔

آٹھویں جلد ۶۱۸ صفحات پر مشتمل ہے۔ معیاری کتابت و طباعت، عمدہ کاغذ اور مضبوط جلد کے ساتھ مزین اس جلد کا ہدیہ ۱۷۵ روپیہ ہے اور یہ مکتبہ دروس القرآن فاروق گنج گوجرانوالہ سے طلب کی جا سکتی ہے۔

ضعیف احادیث کی معرفت اور ان کی شرعی حیثیت

جناب غازی عزیر برصغیر کے نامور اہلحدیث بزرگ حضرت مولانا عبد الرحمٰن مبارکپوریؒ کے پوتے ہیں۔ الخبر سعودی عرب میں مقیم ہیں۔ علم حدیث پر گہری نظر رکھتے ہیں اور مختلف مشہور احادیث پر نقد و جرح کے حوالہ سے ان کے محققانہ مضامین متعدد دینی جرائد کی زینت بنتے رہتے ہیں "الشریعۃ" میں بھی ان کے بعض مضامین شائع ہو چکے ہیں۔